© rasailojaraid.com



ادارہ

# مسافرانِ آخرت

☆**مولانا سعید الدین شیرکوٹی رحمۃ اللہ علیہ:** معروف عالم دین، مدرس قرآن اور صاحبِ طرز خطیب مولانا سعید الدین شیرکوٹی ۲۸ر جون ۲۰۱۲ء کو پشاور میں انتقال کر گئے۔ مرحوم، حضرت امیر شریعت رحمۃ اللہ علیہ کے انتہائی عقیدت مندوں میں سے تھے۔ برس ہا برس ریڈیو پاکستان سے درسِ قرآن کریم دیتے رہے۔ ان کے حسنِ تلاوت اور درس میں نکتہ آفرینی دیر تک ان کے ارادت مندوں کے کانوں میں رس گھولتی اور گونجتی رہے گی۔ حق تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے اور حسنات قبول فرمائے (آمین)

☆فدائے احرار، رفیقِ امیر شریعت حضرت مولانا محمد گل شیر شہید کی بیٹی اور ہمارے کرم فرما مفتی ہارون مطیع اللہ، مولانا زکریا کلیم اللہ کی والدہ ماجدہ ۲۹ر جون ۲۰۱۲ء کو انتقال فرما گئیں۔ مرحومہ ایک عابدہ، زاہدہ اور صالحہ خاتون تھیں اور اپنے عظیم شہید والد کی دینی روایات کی امین تھیں۔ قائد احرار حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری، سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ، میاں محمد اویس، سید محمد کفیل بخاری اور مولانا محمد مغیرہ نے مفتی ہارون مطیع اللہ، ان کے بھائیوں اور تمام خاندانِ گل شیر شہید سے اظہارِ تعزیت کیا ہے۔ مجلس احرار اسلام کے مرکزی ڈپٹی سیکرٹری جنرل ڈاکٹر محمد عمر فاروق تلہ گنگ کے احرار کارکنوں کے وفد کے ساتھ نماز جنازہ میں شریک ہوئے۔ اللہ تعالیٰ تمام پسماندگان کو صبرِ جمیل عطا فرمائے اور مرحومہ کے درجات بلند فرما کر اپنے جوارِ رحمت میں جگہ عطا فرمائے (آمین)

☆**اہلیہ مرحومہ حضرت مولانا سید حسین احمد مدنی رحمۃ اللہ علیہ:** شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد مدنی رحمۃ اللہ علیہ کی اہلیہ ۵ر جولائی ۲۰۱۲ء کو دیوبند (بھارت) میں رحلت فرما گئیں۔

☆**مجاہد ختم نبوت عبدالباسط سماٹری کا انتقال:** جناب عبدالباسط سماٹری جو ایک سابق قادیانی تھے اور اسلام قبول کرنے کے بعد قادیانیت کی سرکوبی اور اس کی تبلیغ کی روک تھام کے لیے ایک عرصہ سے سرگرم عمل تھے۔ ۲۱ر جولائی ۲۰۱۲ء کو ۱۱ بجے دن جرمنی میں انتقال ہو گئے۔ عبدالباسط سماٹری، ممتاز قادیانی مبلغ صادق سماٹری کے بیٹے، دین محمد شاہد قادیانی المعروف بلوچ کے ہم زلف اور فیصل آباد کے قادیانی تاجر شیخ لئیق احمد (سپیر پارٹس ڈیلر) کے بھانجے تھے۔ جناب عبدالباسط سماٹری مرحوم ایک مشہور کتاب ''اندر کی باتیں'' جس کا دوسرا نام ''مرزا غلام احمد قادیانی اپنی تحریروں کے آئینے میں'' ہے، کے مصنف بھی تھے۔ ان کی نماز جنازہ ۲۵ر جولائی کو اُن کے شہر Singen جرمنی میں ادا کی گئی۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کی خدمات کو قبول فرمائے اور انہیں جنت الفردوس نصیب فرمائے، آمین

☆خان پور میں ہمارے مہربان جناب محمد خالد صاحب کے والد محترم ۴ر جون ۲۰۱۲ء اور ہمشیر مرحومہ ۳ر جولائی ۲۰۱۲ء کو انتقال کر گئے۔

☆شورکوٹ میں ہمارے معاون و کرم فرما جناب محمد طارق کی والدہ ماجدہ، انتقال ۲۶ر جولائی ۲۰۱۲ء

☆حافظ محمد شفیق الرحمٰن (رفیقِ سفر قائد احرار) کی خالہ زاد بہن، انتقال ۱۶ر جون ۲۰۱۲ء

☆مجلس احرار اسلام اوکاڑہ کے ناظم شیخ مظہر سعید کے عزیز شیخ عبداللہ، شیخ حبیب اللہ اور شیخ حیات اللہ (ساہی وال) کی والدہ ماجدہ۔ انتقال: ۲ر جولائی ۲۰۱۲ء



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



☆ حاجی محمد بشیر مرحوم، ۸۸ چک گڑھا موڑ

☆ مجلس احرارِ اسلام لاہور کے بزرگ رہنما چودھری محمد اکرام کے چچازاد بھائی محمد عظیم مرحوم: انتقال، ۴؍ جولائی ۲۰۱۲ء

☆ مجلس احرارِ اسلام کراچی کے نائب امیر قاری علی شیر قادری اور محمد ریاض کے والدِ محترم جام اللہ بخش ۸؍ جولائی ۲۰۱۲ء کو گڑھا موڑ (ضلع وہاڑی) میں انتقال کر گئے۔ نمازِ جنازہ سید محمد کفیل بخاری نے پڑھائی۔ عبداللطیف خالد چیمہ، قاری محمد قاسم (چیچہ وطنی) صوفی عبدالشکور احرار، محمد نوید طاہر (بورے والا) محمد لقمان، حافظ محمد طارق (ملتان) مجلس احرار اسلام گڑھا موڑ کے ارکان حافظ گوہر علی، حاجی محمد اقبال، قاری محمد طاہر، صوفی رب نواز، حفیظ اللہ اور علاقہ بھر سے احرار کارکنوں کے علاوہ دینی جماعتوں کے کارکنوں اور شہریوں کی کثیر تعداد نے نمازِ جنازہ میں شرکت کی۔ مجلس احرارِ اسلام کراچی کے امیر مفتی عطاء الرحمٰن قریشی، مفتی فضل اللہ حمادی، شفیع الرحمٰن احرار، مولانا احتشام الحق، مولانا عبدالغفور مظفر گڑھی، قاری بشیر احمد نقشبندی اور دیگر کارکنانِ احرار نے قاری علی شیر سے اظہارِ تعزیت کیا ہے اور اُن کے مرحوم والد کے لیے دعاء مغفرت کی ہے۔ دریں اثنا حضرت مولانا محمد گل شیر شہید کی بیٹی اور مفتی ہارون مطیع اللہ (کراچی) کی والدہ ماجدہ کے انتقال پر بھی اظہارِ تعزیت کیا ہے۔ مدرسہ عائشہ صدیقہ (کراچی) میں مفتی عطاء الرحمٰن قریشی نے قاری علی شیر کے والد، مفتی ہارون مطیع اللہ کی والدہ اور مولانا عبدالغفور مظفر گڑھی کی اہلیہ کے لیے ایصالِ ثواب اور دعاء مغفرت کا اہتمام کیا۔

## دعائے صحت

☆ احرار ختم نبوت مشن برطانیہ کے صدر جناب شیخ عبدالواحد علیل ہیں۔ گزشتہ دنوں وکٹوریہ ہسپتال گلاسگو میں زیرِ علاج رہے۔

☆ مجلس احرارِ اسلام کے سیکرٹری جنرل جناب عبداللطیف خالد چیمہ علیل ہیں۔

☆ مجلس احرارِ اسلام ملتان کے قدیم کارکن جناب عزیز الرحمٰن سنجرانی علیل ہیں۔

☆ سیالکوٹ میں ہمارے معتمد بھائی محمد اشرف صاحب اور اُن کی اہلیہ علیل ہیں۔

احباب سے دعائے صحت کی درخواست ہے۔

ماہانہ مجلس ذکر و اصلاحی بیان
30 اگست 2012ء
جمعرات بعد نماز مغرب
دارِ بنی ہاشم
مہربان کالونی ملتان
ابن امیر شریعت
حضرت پیر جی
سید عطاء المہیمن بخاری دامت برکاتہم
امیر مجلس احرار اسلام پاکستان
الداعی سید محمد کفیل بخاری ناظم مدرسہ معمورہ دارِ بنی ہاشم مہربان کالونی ملتان
061-4511961



© rasailojaraid.com